اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے مشہور شیعہ مفسر طبرسی اپنی معروف تفسیر مجمع البیان ج۴ ص۲۰۶ میں تحریر کرتا کہ اس جگہ شیعہ کا لفظ یہود و نصاریٰ پر استعمال کیا گیا ہے، نیز اس قول کی تائید شیعوں کی مستند کتاب رجال کشی ص۱۰۶، ۱۰۸ میں موجود ہے۔ اصل التشیع والرفض ماخوذ من الیهودیه۔ یعنی تشیع اور رفض کی بنیاد یہودیت ہے یہ شاخ یہودیوں سے ہی پھوٹی ہے۔ یہاں تو سورج کی روشنی سے زیادہ واضح ہو گئی ہے یہ بات کہ شیعہ یہودیت کا چربہ ہے، یہودیت کا ہی شاخسانہ ہے، مجھی اگر یہ بات کہتا تو شیعہ کی پیداوار کو ضرور رنج ہونا چاہیئے تھا مگر یہ تو گھر کی شہادت ہے۔ پھر یہ کہ قرآنِ مقدس میں جہاں بھی "شیعہ" کا لفظ آیا ہے اس کی تفسیر شیعہ و سنی دونوں مذہب کی معتبر تفاسیر کی کتب سے دیکھی جا سکتی ہے کہ شیعہ سے مراد کیا ہے، مثلاً قرآن میں ایک جگہ لفظ "شیعہ" کفار کیلئے استعمال کیا گیا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ....

یعنی ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کئی رسول علیہم السلام پہلے بھیج چکے ہیں، کوئی رسول علیہ السلام نہیں آیا مگر وہ شیعہ ان سے استہزاء اور

مذاقیں کرتے تھے۔

حاضرین گرامی - آپ حیران ہوں گے کہ اس آیت مقدسہ میں تو کافر کا تذکرہ تک نہیں ہے آپ نے کیسے کہہ دیا کہ اس آیت میں شیعہ سے مراد کافر ہیں، تو جناب آپ کی حیرانگی بجا مگر ذرہ **شیعی دھرم** کے مشہور مفسر عمار علی کی تفسیر **عمدۃ البیان** ج ۲ ص ۱۰۷ کا مطالعہ فرمالیں کہ وہ اس آیت میں لفظ شیعہ سے کیا مراد لیتا ہے۔ چنانچہ آپ کے اس استعجاب و تحیر کو ختم کرنے کے لئے میں ہی بتلائے دیتا ہوں کہ اس سے کیا مراد ہے۔ چنانچہ عمار علی لکھتا ہے کہ شیعہ سے مراد وہ کافر ہیں جو نبیوں سے ٹھٹھہ مذاق کرتے تھے

اب اگر شیعوں میں کچھ بھی تھوڑی بہت حیا اور شرم ہے تو ڈوب مرنا چاہئے ان کو، کیونکہ یہ بھی گھر کی شہادت ہے کہ شیعہ کافر ہے۔

محترم قارئین - جس مذہب و دھرم کی شان قرآن مقدس بیان کرے کہ وہ شیعہ کافر شیعہ یہودی، اور شیعہ مشرک بشیعہ دنگا و فساد کرنیوالے ہوتے ہیں تو ایسے مذہب پہ اترانا اور فخر کرنا عقل کے اندھوں اور مخبوط الحواس لوگوں کا کام ہے۔

قرآن مجید میں شیعہ بت پرست مشرکوں کو بھی کہا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو آیت - وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۚ یعنی تم مشرکین میں سے نہ بن جانا

جنہوں نے دین کے بخیے ادھیڑے اور وہ شیعہ تھے۔

اس آیت کی تفسیر بھی آپ شیعہ مفسر عمار علی کی عمدۃ البیان پ ۲۰ ع ۳۲ ۔ سے ملاحظہ فرمائیں چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ آیت میں شیعہ کا مشرکوں، بت پرستوں، دشمنانِ دین یہود اور نصاریٰ پر اطلاق ہوا ہے۔

معلوم ہوا کہ شیعہ مشرک اور بت پرست ہوتا ہے اور تجربہ اس کی شہادت دیتا ہے۔ ملاحظہ کرنا ہو تو آگے محرم الحرام کے عشرہ میں خود مشاہدہ کر لینا کہ گھوڑے اور دلدل سے کیسا حشر کرتے ہیں۔

مکرم قارئین۔ اب آخر میں ایک اور آیتِ مقدسہ بھی ملاحظہ فرمالیں کہ شیعہ کی فہرست میں کس قدر بڑی بڑی ہستیوں کا نام درج ہے اور ان کے سیاہ کارناموں سے دنیا بخوبی آگاہ اور واقف ہے چنانچہ سورہ قصص کی ابتدائی آیات میں ہے۔

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا

بے شک فرعون نے زمین میں سرکشی کی اور اس کے باشندگان کو شیعہ بنا ڈالا۔ معلوم ہوا کہ شیعوں کا قائد اول فرعون تھا۔ جو لوگوں کو اپنی رعونت کے باعث شیعہ بناتا تھا۔ جب قائد کی حالت یہ ہو کہ وہ سرکش ہو، متکبر و جابر ہو، لوگوں کو اپنے جبر و تشدد کے ذریعے شیعہ بناتا ہو تو اس کے پیروکاروں سے بہتری کی امید رکھنا عبث اور بیکار ہے۔

محترم قارئین، لفظِ شیعہ پر ان گونا ز ہے اس لئے اس پر تھوڑی سی روشنی ڈال دی، اب ذیل میں مسلمانانِ ملت سے انتہائی عاجزانہ درخواست کروں گا کہ شیعہ اہل اسلام کے خیر خواہ ہرگز ہرگز ہرگز نہیں کیونکہ یہ کافر ہیں، مشرک ہیں، یہودی ہیں، عیسائی ہیں، مرتد ہیں، شریر فسادی ہیں، لہذا ان سے مقاطعہ یعنی سوشل بائیکاٹ لازمی اور ضروری ہے، اس پر چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں، پھر میں اپنی تحریر ختم کرکے اجازت چاہوں گا ایک اپیل پر۔

وَاللّٰہُ المستعان وعلیہ التکلان
ھو مولٰکم فنعم المولیٰ ونعم النصیر

شیعوں سے مقاطعہ قرآن و حدیث کی روشنی میں ضروری ہے

بلاشبہ قرآن کریم کی وحیِ قطعی، جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث متواترہ قطعیہ اور امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قطعی اجماع سے یہ ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم معصوم عن الخطا رہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احباب و اصحاب کرام رضی اللہ عنہم واجب التکریم والتعظیم ہیں ان کی تنقیص و توہین، تذلیم و تشنیع کرنیوالا مسلمان نہیں ہو سکتا ہے ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کی شان میں غلط بیانی کرنیوالا، ان کو کافر و مرتد لکھنے اور سمجھنے والا، انکی عیب جوئی کرنیوالا، ان پر ہر طرح کے الزامات واتہامات لگانے والا ان کی غیب جوئی کرنیوالا نطفۂ ابلیس تو ہو سکتا ہے مگر اسلام سے رشتہ جوڑنے والا نہیں ہو سکتا۔

قرآنِ مجید کے متعلق غلط نظریات رکھنے والا مرد کبھی مسلمان ہونے کا دعویٰ ہرگز ہرگز نہیں کرسکتا۔

نیز کفر وارتداد کے ساتھ اگر اسمیں مذکورہ وجوہ میں کوئی ایک وجہ بھی اس میں موجود ہو تو قرآنِ مقدس اور احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں اور فقہ اسلامی کے مطابق ایسا شخص اخوت اسلامی

اسلامی ہمدردی کا ہرگز ہرگز مستحق نہیں مسلمانانِ ملّت پر واجب ہے کہ اسکے ساتھ سلام وکلام، نشست وبرخواست لین دین وغیرہ جملہ تعلقات منقطع کردیں، کوئی بھی ایسا تعلق جس سے اس کی عزت نفس کا پہلو نکلتا ہو یا اس کو قوت وآسائش حاصل ہوتی ہو جائز نہیں، یہ مقاطعہ اور بائیکاٹ ظلم نہیں، زیادتی نہیں، بلکہ اسلامی عدل وانصاف کے عین مطابق ہے اب ذیل میں آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ، نیز ساتھ ہی فقہاءِ اُمت کے اقوال ودلائل بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ جن سے اس مقاطعے اور بائیکاٹ کا حکم واضح ہوجاتا ہے

آیاتِ قرآنیہ مع تفسیری دلائل

(۱) إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ۔ (سورۂ نساء آیۃ ۱۴۰)

یعنی جب تم سنو کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کیا جارہا ہے اور ان کا استہزار کیا جارہا ہے تو ان کے ساتھ نشست وبرخاست ختم کردو۔

إِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ (انعام آیت ۶۸) یعنی جب تم ہماری آیتوں سے مذاق کرنیوالوں کو دیکھو تو ان سے کنارہ کشی کرلو۔

اس آیت کے ذیل میں حافظ الحدیث امام ابوبکر الجصاص الرازی لکھتے ہیں۔

وهذا يدل على ان علينا ترك مجالس الملحدين وسائر الكفار لاظهارهم الكفر والشرك وما لايجوز على الله تعالىٰ اذا لم يمكن انكاره . الخ

یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ ہم مسلمانوں پر ضروری ہے کہ ملاحدہ اور جمیع کفار سے ان کے کفر و شرک اور اللہ تعالےٰ پر ناجائز باتوں کے کہنے کی روک نہ کر سکیں تو ان سے مقاطعہ (بائیکاٹ) کر لیں۔

(۳) يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰى اَوْلِيَآءَ (مائدہ آیت ۵۱)

اے مومنو! تم یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست مت بناؤ...

امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ : و فى هذه الآية دلالة على ان الكافر لايكون وليًّا للمسلمين لا فى النصرة ونزلت على وجوب البراءة عن الكفار والعداوة لهم لان الولاية ضد العداوة فاذا امرنا بمعاداة اليهود والنصارى لكفرهم فغيرهم من الكفار بمنزلتهم والكفر ملة واحدة (احکام القرآن ص ۴۴۳)

اس آیت میں اس امر پر دلالت ہے کہ کافر مسلمان کا

دوست نہیں ہو سکتا نہ معاملات میں نہ امداد میں نہ تعاون میں، اور اس سے یہ امر بھی واضح ہوتا ہے کہ کافروں سے برأۃ اختیار کرنا اور ان سے دشمنی کرنا واجب ہے۔

کیونکہ دوستی دشمنی کی ضد ہے۔ اور جب ہم کو یہود و نصاری سے ان کے کفر کی وجہ سے عداوت رکھنے کا حکم ہے تو دوسرے کافر بھی اسی زمرے میں آتے ہیں کیونکہ کافر ایک ہی ملت ہیں۔

(۴) **سورۃ ممتحنہ** کا موضوع ہی کفار سے مقاطعہ اور ترکِ تعلقات کی تاکید ہے اس سورت میں بہت سختی کے ساتھ کفار کی دوستی اور تعلق سے منع کیا گیا ہے اگرچہ رشتے دار ہوں، اور فرمایا کہ قیامت کے دن تمہارے یہ رشتہ دار کام نہ آئیں گے۔ اور یہ کہ جو لوگ آئندہ کفار و مشرکین سے دوستی اور تعلق رکھیں گے وہ راہِ حق کے بھٹکے ہوئے اور ظالم ہوں گے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ (مجادلہ آیت ۲۲)

تم نہ پاؤ گے کسی قوم کو جو یقین رکھتے ہوں اللہ پر اور آخرت پر کہ وہ دوستی کریں، ایسوں سے جو مخالف ہیں اللہ اور اس کے رسول کے خواہ ان کے باپ ہوں بیٹے ہوں، بھائی ہوں، یا خاندان والے ہوں، بطورِ مثال ان چند آیات کا ذکر کیا ورنہ اس

اس مضمون کی آیات بے شمار ہیں اب ذیل میں چند احادیث ملاحظہ ہوں۔

(۱) مسند احمد، سنن ابی داؤد، میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

القدریہ مجوس ھذہ الامۃ ان مرضوا فلا تعودوھم وان ماتوا فلا تشھدوھم

تقدیر کے منکر اس امت کے مجوسی ہیں اگر بیمار ہو جائیں تو عیادت نہ کرو اگر مر جائیں تو جنازہ نہ پڑھو۔

(۲) سنن کبریٰ بیہقی، میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اغور ماءٓ آبار بدر (سنن بیہقی ۹ ۵۰۸)

(۳) جامع ترمذی باب فی کراھیۃ المقام بین اظہر المشرکین (جلد اول ص ۱۹۴)

جامع ترمذی میں حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حکم دیا گیا ہے کہ مشرکوں اور کافروں کے ساتھ ایک جگہ رہائش وسکونت بھی اختیار نہ کریں ورنہ مسلمان بھی کافروں جیسے ہوں گے۔

۴ ترمذی ج ۱ ص ۱۹۴ - حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ انا بریٌ من کل مسلم یقیم بین اظھر المشرکین۔ فرمایا کہ میں ہر اس

مسلمان سے بری اور بیزار ہوں جو کافروں اور مشرکین میں سکونت پذیر ہو۔

(۵) **بخاری شریف** ج ۲ ص ۱۰۲۳ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے چند ملحد و بے دین لائے گئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے انہیں آگ میں جلا دیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اس کی اطلاع ملی تو فرمایا کہ اگر میں ہوتا تو ان کو آگ میں نہ جلاتا، کیونکہ حضور علیہ السلام نے منع فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی سزا مت دو۔ بلکہ میں انہیں قتل کر دیتا، کیوں کہ نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ ۔ یعنی جو مرتد ہو جائے تو اس کو قتل کر دو۔

(۶) **بخاری شریف** ج ۱ ص ۴۲۳ ۔ صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ رات کی تاریکی میں مشرکین پر حملہ ہوتا ہے تو عورتیں اور بچے بھی زد میں آجاتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ بھی انہیں میں شامل ہیں یعنی انہیں بھی ختم کر دیا جائے

(۷) **بخاری شریف**: کی ایک حدیث میں قبیلہ عکل اور عرینہ کے آٹھ نو اشخاص کا واقعہ ہے کہ وہ مرتد ہو گئے تھے۔ ان کے گرفتار ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور ان کے آنکھوں میں گرم لوہے کی کیلیں پھیر دی جائیں اور ان کو مدینہ کے کالے پتھروں پر ڈال دیا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ یہ لوگ شدۃ پیاس کے باعث پانی مانگتے تھے

لیکن ان کو پانی نہیں دیا جاتا تھا صحیح بخاری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ يَسْتَسْقُوْنَ وَلَا يُسْقَوْنَ۔ ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ حتی ان احدهم یکدم بفیه الارض کہ وہ پیاس کے مارے زمین چاٹتے تھے۔ مگر انہیں پانی دینے کی اجازت نہیں تھی۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ

ان المحارب المرتد لاحرمة له فی سقی الماء لاغیره ويدل عليه ان من ليس معه ماء الا للطهارة ليس له ان يسقيه المرتد ويتيمم بل يستعمله ولومات المرتد عطشاً (فتح الباری ص۳۹۳)

اس سے معلوم ہوا کہ محارب مرتد کا پانی پلانے میں کوئی احترام نہیں چنانچہ جس شخص کے پاس صرف وضو کے لئے پانی ہو تو اس کو اجازت نہیں کہ پانی مرتد کو پلا کر تیمم کرے بلکہ اس کے لئے حکم ہے کہ پانی مرتد کو نہ پلائے۔ اگرچہ وہ پیاس سے مرجائے۔

(۸) سُنن اَبی داؤد: میں ایک حدیث کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے خلوق (زعفران) لگایا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام کا جواب نہ دیا۔

غور فرمائیے حضرات قارئین! کہ معمولی خلاف سنت پر جب یہ سزا دی گئی تو ایک وہ آدمی جو کتاب اللہ کو ناقص اور غیر کامل کہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مرتد ہو جانے کا عقیدہ

رکھے، بنات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرکے ایک کو حقیقی بیٹی تسلیم کرے خلفاء ثلاثہ رضی اللہ عنہم کو کافر و زندیق کہے، آئمہ کو معصوم کہہ کر انبیاء علیہ السلام سے بڑھ کر عظمت و توقیر والا بتائے، تو اس مرتد، مجوسی، قدری، مشرک کافر، موذی، محارب سے بات چیت، سلام وکلام، لین دین، شادی بیاہ کی کب اجازت ہو سکتی ہے۔

آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو گیا کہ مشرکین، کفار، مرتدین، سے کسی قسم کا حسن سلوک نہ برتا جائے بلکہ ان سے مقاطعہ یعنی سوشل بائیکاٹ کیا جائے۔ بول چال بھی نہ کی جائے۔ بیع و شرا، خرید و فروخت یعنی ہمہ قسمی لین دین سے اجتناب کیا جائے۔

حضرات قارئین!

اس کتابچے کے لکھنے کی وجہ کسی کی دل شکنی اور دل آزاری نہیں اور نہ ہی یہ باور کرانا ہے کہ مصنف بہت بڑا علامہ ہے اور نہ ہی یہ مقصود ہے کہ مملکت خداداد ہمیشہ تفرقہ بازی کی زد میں رہے بلکہ ان ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ

مصنف نے تو چند بکھرے ہوئے ریزوں اور موتیوں کو اکٹھا کرکے ایک لڑی میں پرو دیا اور آپ کے سامنے پیش کر دیا اگر کوئی خامی یا کوتاہی کسی بھی قسم کی کسی بھی قاری کو نظر آئے تو اس کو مصنف کا سہو سمجھنا۔

اب آخر میں مذکورہ بالا عنوان یعنی مقاطعہ (سوشل بائیکاٹ) کے ذیل میں فقہاءِ امت کی تصریحات بھی ملاحظہ فرمالیں۔

(۱) کوئی قاتل اگر حرم مکہ میں پناہ گزین ہوجائے تو اس سلسلہ میں امام ابوبکر الجصاص رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

قال ابوحنیفہ وابویوسف، ومحمد، وزفر، والحسن بن زیاد، اذا قتل فی غیر الحرم ثم دخل الحرم لم یقتص منه مادام فیه ولکنه لایبایع ولایواکل الی ان یخرج من الحرم. (احکام القرآن ج۲ ص۲۱)

امام ابوحنیفہؒ، ابویوسفؒ، محمدؒ، زفرؒ، حسن بن زیادؒ کا قول ہے کہ جب کوئی حرم سے باہر قتل کرکے حرم میں داخل ہو جب تک وہ حرم میں ہے اس سے قصاص نہ لیا جائیگا۔ نہ اس کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی جائے۔ نہ اس کو کھانا دیا جائے یہاں تک کہ وہ حرم سے نکلنے پر مجبور ہوجائے۔

(۲) ابنِ عابدینؒ الشامی۔ درمختار ج۳ ص۲۶۳ میں تحریر فرماتے ہیں کہ قال فی احکام السیاسیہ وَفی المنتقیٰ واذا سمع فی دارہٖ صوت المزامیر فادخل علیہ لانہ لما سمع فقد اسقط حرمۃ الدار۔۔۔

احکام السیاسیہ میں المنتقیٰ سے نقل کیا ہے کہ جب کسی گھر سے گانے بجانے کی آواز سنائی دے تو اسمیں داخل ہوجاؤ کیونکہ

ب اس نے یہ آواز سنائی تو اپنے گھر کی حرمت کو خود ساقط کردیا ہے۔

(۲) علامہ دردیر مالکی شرح کبیر ۲۹۹ ... میں باغیوں کے احکام
میں لکھتے ہیں۔

" وقطع الميرة والماء عنهم إلا أن يكون فيهم نسوة
وذراري ..."

یعنی ان کا کھانا پانی بند کردیا جائے الا یہ کہ ان میں عورتیں اور
بچے ہوں

معزز قارئین: مذکورہ بالا نصوص اور فقہا امت کی تصریحات
کے حسب ذیل اصول اور نتائج منقح ہو کر سامنے آجاتے ہیں۔

(۱) کفار و محاربین سے دوستانہ تعلقات ناجائز اور حرام ہیں جو شخص
ان سے ایسے روابط رکھے وہ گمراہ اور مستحق عذاب الیم ہے۔

(۲) جو کافر مسلمانوں کے دین کا استہزاء اور مذاق اڑائے ان کے
ساتھ معاشرتی تعلقات، نشست و برخاست وغیرہ بھی حرام ہے

(۳) جو کافر مسلمانوں سے برسرپیکار ہوں ان کے ساتھ ایک
ساتھ محلے میں قیام و رہائش بھی ناجائز ہے۔

(۴) مرتد کو سخت سے سخت سزا دینا ضروری ہے اس کی کوئی
انسانی عزت و حرمت نہیں یہاں تک کہ اگر پیاس سے جاں بلب
ہوکر تڑپ رہا ہو تب بھی اسے پانی نہ پلایا جائے۔

(۵) مفسدوں سے اقتصادی مقاطعہ کرنا ظلم نہیں بلکہ شریعت اسلام

کا اہم ترین حکم اور اُسوۂ پیغمبری صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

(۶) اقتصادی اور معاشرتی مقاطعہ کے علاوہ مرتدین، موذیوں اور مفسدوں کو سزائیں بھی دی جاسکتی ہیں، قتل کرنا، شہر بدر کرنا، ان کے گھروں کو ویران کرنا وغیرہ ...

(۷) ان لوگوں کے خلاف مذکورہ بالا اقدامات کرنا دراصل اسلامی حکومت کا فرض ہے، لیکن اگر حکومت اسمیں کوتاہی کرے تو مسلم بھی خود ایسے اقدامات کر سکتے ہیں جو ان کے دائرہ اختیار میں ہوں مگر انہیں کسی ایسے اقدام کی اجازت نہیں جس سے ملکی امن میں خلل وفساد کا اندیشہ ہو۔

احقر ابو الوفا محمد قاسم فاروقی جلبانی بلوچ
خطیب جامع مسجد عرفات جناح کالونی سیکٹر ۶-۹
اورنگی ٹاؤن
کراچی - ۷۵۸۰۰

خمینی کا وصیت نامہ

از

حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد یوسف لدھیانوی
مدظلہ العالی

☆☆☆

بشکریہ ماہنامہ بینات

محرم الحرام ۱۴۱۱ھ مطابق اگست سنہ ۱۹۹۰ء

الصہیب پبلیکیشن کراچی

خمینی کا وصیت نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِینَ اصطَفٰی

ایک شیعی "ماہنامہ المبلغ" سرگودھا (جلد ۵۵ شمارہ ۶، ۷ بابت ماہ جون و جولائی ۱۹۹۰ء) میں "امام خمینی کا وصیت نامہ" شائع ہوا ہے۔ اس کا ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیے!

"میں جرأت کے ساتھ دعوی کرتا ہوں کہ ملت ایران اور دورِ حاضر میں اس کے دسیوں لاکھ عوام، عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملّتِ حجاز اور امیر المومنینؑ اور حسینؑ ابن علیؑ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہما کی ملّتِ کوفہ و عراق سے بہتر ہیں، وہ حجاز کہ جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد میں مسلمان بھی آپ کی اطاعت نہیں کرتے تھے اور بہانے بنا کر محاذ پر جانے سے گریز کرتے تھے۔

خداوند تعالیٰ نے سورۃ توبہ کی چند آیات میں انکی مذمت کی ہے اور ان کے لئے عذاب کا وعدہ کیا ہے ان لوگوں نے اس حد تک رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ منسوب کیا کہ روایت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر سے ان پر لعنت بھیجی اور اہل عراق و کوفہ نے امیر المومنینؑ کے ساتھ اتنی

بدسلوکی کی اور آپ کی اطاعت سے اس حد تک سرکشی کی کہ روایات اور تاریخ کی کتابوں میں حضرتؓ نے ان کی جو شکایات کی ہیں وہ معروف ہیں اور عراق و کوفہ کے مسلمانوں نے حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے ساتھ جو کچھ کیا اس سے آپ واقف ہیں۔ جن لوگوں نے ان کی شہادت میں اپنے ہاتھ کو آلودہ نہیں کیا، وہ معرکہ سے بھاگ گئے یا خاموش بیٹھ گئے یہاں تک کہ تاریخ کا وہ مجرمانہ فعل انجام دیا۔

اس اقتباس میں چند دعوے کئے گئے ہیں۔

پہلا دعویٰ یہ کہ آج کے ایرانی شیعہ، جو خمینی کے حلقہ بگوش ہیں، دورِ نبوی کے مسلمانوں سے افضل و بہتر ہیں۔ یہ دعویٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صریح تنقیص اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مقصدِ بعثت کی صاف نفی ہے۔

قرآن کریم نے متعدد جگہ اہلِ ایمان پر حق تعالیٰ شانہٗ کے اس احسانِ عظیم کا ذکر فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کرامؓ کا معلم و مربی بنا کر بھیجا ہے۔

چنانچہ ایک جگہ ارشاد ہے:

"لَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ"

(آل عمران: ۱۶۴)

ترجمہ: "حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر احسان کیا جبکہ
ان میں ان ہی کی جنس سے ایک ایسے پیغمبر کو بھیجا۔ کہ وہ ان
لوگوں کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور ان
لوگوں کی صفائی کرتے رہتے ہیں۔ اور ان کو کتاب اور فہم کی
کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور بالیقین یہ لوگ قبل سے صریح
غلطی میں تھے" (ترجمہ: حضرت تھانویؒ)

(۱) اس آیت شریفہ میں صحابہ کرامؓ پر دو احسان ذکر فرمائے گئے ہیں۔ ایک یہ ہے کہ ان کی تعلیم و تربیت کے لئے سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا اور دوسرا احسان یہ کہ اس عظیم الشان معلم و مربی صلی اللہ علیہ وسلم کا تقرر خود حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے ہوا ہے۔

کسی معلم و مربی کا کمال اس کے لائق و باکمال تلامذہ کے ہنر و لیاقت سے ظاہر ہوا کرتا ہے۔ صحابہؓ کرام وہ خوش نصیب و سعادت مند جماعت ہے جن کی تعلیم و تربیت پر حق تعالیٰ نے شانہٗ نے نوع انسانی کا سب اعلیٰ سب سے اکمل، سب سے افضل اور سب سے برتر معلم و مربی (صلی اللہ علیہ وسلم) مقرر فرمایا۔ اس سے ہر شخص بداہۃً یہ نتیجہ اخذ کرے گا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر تربیت افراد (صحابہ کرامؓ) کے بعد پوری نوع انسانی میں سب سے افضل و برتر ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام کو اس لئے مستثنیٰ کیا گیا کہ وہ کسی انسان کے زیر تربیت نہیں ہوتے بلکہ براہ راست حق تعالیٰ شانہٗ سے تربیت یافتہ ہوتے ہیں جیسا کہ حدیث نبوی: اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَادِیْبِیْ۔ (جامع الصغیر)

ترجمہ "میرے رب نے مجھے ادب سکھایا، پس خوب ادب سکھایا"۔ میں اسی طرف اشارہ ہے، پس خمینی کا یہ کہنا کہ آج کے ایرانی شیعہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ سے افضل ہیں اس کے صاف معنی یہ ہیں کہ خمینی کی تعلیم و تربیت (نعوذ باللہ) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت سے اعلیٰ و برتر ہے اور یہ بات وہی شخص کہہ سکتا ہے جس کا دل ایمان سے اور اس کا دماغ عقل و فہم سے یکسر خالی ہو اور وہ "بے حیا باش ہر چہ خواہی کن" کا مصداق ہو۔

یہیں سے یہ نکتہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ پر نکتہ چینی کرتے ہیں وہ درحقیقت ان کے مرشد و مربی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکتہ چین اور آپ کے فیضانِ صحبت و تاثیرِ نبوت کے منکر ہیں ان کو اصل بغض صحابہؓ سے نہیں، بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ عالی سے ہے۔ مگر وہ اپنے اس بغض و عناد کا اظہار کرنے کے لئے صحابہ کرامؓ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو آڑ اور نشانہ بناتے ہیں۔ یہیں سے ارشادِ نبویؐ کے معنی بھی معلوم ہو جاتے ہیں:

اَللّٰہ اَللّٰہ فی أصحابی لاتتخذوھم غرضًا من بعدی
فمن أحبھم فبحبّی احبھم ومن أبغضھم فببغضی
أبغضھم ومن أذاھم فقد آذانی ومن آذانی
فقد أذی اللّٰہ ومن اذی اللّٰہ فیوشک ان یاخذہ

(مشکوٰۃ ص۵۵۴، ترمذی ص۲۲۶ ج۲، مسند احمد ص۸۷ ج۴)

ترجمہ: "میرے صحابہؓ کے بارے میں اللہ سے ڈرو انکو میرے بعد نشانہ نہ بنا لینا۔ پس جس نے ان سے محبت کی تو میری محبت کیوجہ سے ان سے محبت کی، اور جس نے ان سے بغض رکھا تو میرے ساتھ بغض کیوجہ سے ان سے بغض رکھا، اور جس نے ان کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی۔ اور جس نے مجھے ایذا دی، اس نے اللہ تعالے کو ایذا پہنچائی۔ اور جس نے اللہ تعالے کو ایذا دی قریب ہے کہ اللہ تعالے اس کو پکڑ لیں۔"

۲۔۔۔ خمینی کا دوسرا دعوی یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے مسلمان (صحابہ کرامؓ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت نہیں کرتے تھے خمینی کا یہ دعویٰ دروغِ خالص اور سفید جھوٹ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ سے اس کی نفرت و عداوت اور بغض و کینہ پر مبنی ہے (اور یہی بغض و کینہ خمینی کے شیعہ مذہب کا منشاء و منتہا ہے) اگر خمینی کے قلب و نظر پر بغض نبیؐ بغض صحابہؓ اور بغض اسلام کی سیاہ پٹی نہ ہوتی تو اسے تاریخ کی یہ حقیقت، جو آفتاب نصف النہار سے زیادہ روشن ہے کھلی آنکھوں نظر آتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ نے اطاعت و فرمانبرداری، فدائیت و جانثاری اور تعظیم و محبت کا وہ اعلیٰ معیار قائم کیا ہے، جس کا نمونہ پیش کرنے سے پوری انسانی تاریخ عاجز ہے۔ تاریخ و سیرت کی کتابوں میں اس کی سیکڑوں نہیں ہزاروں مثالیں موجود

ہیں۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر عروہ بن مسعود ثقفی، قریش مکہ کا نمائندہ بن کر آتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کے بعد کفار قریش کو جو رپورٹ دیتا ہے وہ یہ تھی:

"میں نے قیصر و کسریٰ اور نجاشی کے دربار دیکھے ہیں، لیکن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے صحابہؓ کی سی عقیدت و وارفتگی کہیں نہیں دیکھی۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بات کرتے ہیں تو سناٹا چھا جاتا ہے، کوئی شخص ان کی طرف نظر بھر کر نہیں دیکھ سکتا۔ وہ وضو کرتے ہیں تو وضو کا جو پانی گرتا ہے اس پر خلقت ٹوٹ پڑتی ہے، بلغم یا تھوک کرتا ہے تو عقیدت کیش ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور اسے اپنے چہرے اور ہاتھوں پر مل لیتے اور جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں تو وہ تعمیل حکم میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ (صحیح بخاری کتاب الشروط ص ۳۷۹)"

یہ کسی عقیدت مند کی نہیں بلکہ ایک غیر مسلم کی شہادت ہے جو معاندانہ فرائض کے مجمع میں وہ ادا کر رہا ہے۔ لیکن خمینی کی تاریکی قلب و نظر صحابہ کرامؓ کو تعمیل حکم میں کوتاہ بتا رہی ہے۔

(۳۱) خمینی کا تیسرا دعویٰ یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ بہانے بنا کر محاذِ جنگ پر جانے سے گریز کرتے تھے۔ ۔ ۔ ۔ یہ دعویٰ بھی خالص دروغ و افترا ہے اور قرآن کریم نص صریح کا انکار ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

(۱) هُوَ الَّذِیْ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ (الانفال ۶۲)

ترجمہ: اللہ نے آپ کی تائید کی اپنی مدد سے اور اہلِ ایمان کے ذریعہ۔

(۲) یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ

(الانفال ۶۴)

ترجمہ: اے نبیؐ! کافی ہے آپ کو اللہ اور جو مومن آپ کے پیروکار ہیں۔

ان آیات شریفہ میں حق تعالیٰ شانہٗ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اپنی تائید و نصرت اور کفالت کے ساتھ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تائید و نصرت اور کفالت کو بھی ذکر فرمایا ہے، اس نص قطعی کے بعد جو شخص یہ کہتا ہے کہ صحابہ کرامؓ بہانے بنا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت و حمایت گریز کیا کرتے تھے۔ عجب نہیں کہ کل کو یہ دعویٰ بھی کرنے لگے کہ حق تعالیٰ شانہٗ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت و تائید سے گریز فرماتے تھے۔ (نعوذ باللہ من الغباوۃ والغوایۃ)

سیرت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے طالب علم جانتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات و سرایا کی تعداد ایک سو سے اوپر ہے اب اگر خمینی کے بقول صحابہ کرامؓ محاذ جنگ پر جانے سے گریز کیا کرتے تھے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جنگیں کس کی معیت میں لڑی تھیں۔ اور یہ بھی سب جانتے ہیں کہ جس دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا سے ملأ اعلیٰ کا سفر فرمایا، پورے جزیرۃ العرب پر اسلامی پھریرا لہرا رہا تھا، اور

اسلامی جہاد کی لہریں ایران وشام کی دیواروں سے ٹکرا رہی تھیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد خلافتِ راشدہ کے مختصر سے دور میں قیصر وکسریٰ کے تاج وتخت تاراج ہو چکے تھے، اور چین سے افریقہ تک کے وسیع وعریض خطے اسلام کے زیرِ نگین آچکے ہیں، سوال یہ ہے کہ اسلامی تاریخ کا یہ معجزہ کن ہاتھوں سے ظہور میں آیا تھا؟ انہی صحابہ کرامؓ کے ذریعہ، جن کے بارے میں قرآن کریم شہادت دیتا ہے۔

"مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا" (احزاب: ۲۳)

ترجمہ: "اہلِ ایمان میں وہ مرد ہیں، جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ کیا تھا، اسے سچ کر دکھایا، ان میں سے بعض وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے اور بعض ان میں مشتاق ہیں، اور انہوں نے ذرا تغیر وتبدل نہیں کیا۔

جو شخص قرآن کریم کی اس شہادت کے بعد ان جانثارانِ اسلام کے بارے میں یہ کہتا ہے کہ وہ بہانے بنا کر محاذِ جنگ پر جانے سے گریز کرتے تھے، اس سے بڑھ کر دل کا اندھا کون ہوگا۔

"وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا"

ترجمہ: "اور جو شخص ہو اس دنیا میں دل کا اندھا، وہ ہوگا آخرت

میں اندھا اور راہ سے بھٹکا ہوا"

۴۔ خمینی کا چوتھا دعویٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ توبہ کی چند آیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے مسلمانوں کی مذمت فرمائی ہے اور ان کے لئے عذاب کا وعدہ کیا ہے۔

سورۂ توبہ جس کا بیشتر حصہ غزوۂ تبوک کے بارے میں نازل ہوا اس میں منافقین کی مذمت میں متعدد آیات ہیں اور ان کے عذاب کا وعدہ بھی ہے لیکن یہ خالص جھوٹ ہے کہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے مسلمانوں کی مذمت کی گئی ہے یا ان سے عذاب کا وعدہ کیا گیا ہے، بلکہ قرآن کریم کی دوسری بے شمار آیات کی طرح سورۂ توبہ کی متعدد آیات میں اہل ایمان کی مدح فرمائی گئی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

" والسابقون الاولون من المهاجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان، رضي الله عنهم ورضوا عنه واعد لهم جنّٰت تجري تحتها الانهار خالدين فيها ابدا ذلك الفوز العظيم"

(سورۃ التوبہ : ۱۰۰)

ترجمہ: اور جو مہاجرین اور انصار (ایمان لانے میں سب سے) سابق اور مقدم ہیں۔ اور (بقیہ امت میں) جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے پیرو ہیں اللہ سب سے راضی ہوا اور وہ سب اس (اللہ) سے راضی ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان

کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں
جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ بڑی
کامیابی ہے۔ (ترجمہ حضرت تھانوی)

حافظ عمادالدین ابن کثیر اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں اور بالکل صحیح لکھتے ہیں :

"اللہ تعالیٰ نے اس میں خبر دی ہے کہ وہ سابقین اولین مہاجرین وانصار سے اور ان تمام لوگوں سے جنہوں نے احسان کے ساتھ ان حضرات کی پیروی کی، راضی ہیں۔ پس وائے ہلاکت ان لوگوں کی جو ان سے بغض رکھتے ہیں یا ان کی شان میں گستاخی کرتے ہیں یا ان میں سے بعض کے ساتھ بغض رکھتے ہیں یا ان کی گستاخی کرتے ہیں خصوصاً جو لوگ صحابہؓ کے سردار، تمام صحابہؓ سے بہتر ان سب سے افضل یعنی صدیق اکبر اور خلیفۂ اعظم حضرت ابوبکر بن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتے ہیں، اور ان کی شان میں گستاخیاں کرتے ہیں۔ چنانچہ رافضیوں کا مخذول ٹولہ افضل صحابہؓ سے عداوت رکھتا ہے۔ ان سے بغض رکھتا ہے اور ان کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کی عقلیں معکوس ہیں، اور ان کے دل الٹے ہیں، ان لوگوں کو

ایمان بالقرآن کہاں نصیب ہو سکتا ہے جبکہ یہ لوگ
ان اکابر کی گستاخیاں کرتے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ
نے اپنی رضامندی کا اعلان فرمادیا ہے۔

(تفسیر ابن کثیر ص ۳۸۳ ج ۲)

اسی سورۂ توبہ میں حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں:

"إن الله اشترى من المؤمنين أنفسهم
وأموالهم بأن لهم الجنة يقاتلون في سبيل الله
فيقتلون ويقتلون وعدًا عليه حقًا
في التوراة والإنجيل والقرآن ، ومن
أوفى بعهده من الله فاستبشروا
ببيعكم الذي بايعتم به، وذلك هو الفوز العظيم"

(التوبہ : ۱۱۱)

ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی
جانوں اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض میں خرید
لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔ وہ لوگ اللہ کی راہ میں
لڑتے ہیں، جس میں قتل کرتے ہیں قتل کئے جاتے ہیں
اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے توراۃ میں (بھی) اور انجیل
میں (بھی) اور قرآن میں (بھی) اور (یہ مسلم ہے کہ) اللہ
سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے۔ تو تم

لوگ اپنی اس بیع پر جس کا تم نے اللہ تعالیٰ سے معاملہ
ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔
(ترجمہ : حضرت تھانویؒ)

سورۂ توبہ ہی میں حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے:

"لقد تاب اللّٰہ علی النبی والمهاجرین والانصار
الذین اتبعوہ فی ساعۃ العسرۃ من بعد ما کاد
یزیغ قلوب فریق منهم ثم تاب علیهم، انه
بهم رؤف رحیم"

ترجمہ : "حق تعالیٰ نے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حال
پر توجہ فرمائی۔ اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی،
جنہوں نے ایسے تنگی کے وقت میں پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم)
کا ساتھ دیا، بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں
میں کچھ تذبذب ہو چلا تھا۔ پھر اللہ نے ان کے حال پر توجہ
فرمائی، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان سب پر بہت ہی
شفیق مہربان ہے۔" (ترجمہ : حضرت تھانویؒ)

نکتہ : اس آیت شریفہ میں حق تعالیٰ شانہٗ ان تمام
مہاجرین وانصار کے ساتھ اپنا رؤف رحیم ہونا بیان فرمایا، جن کو
غزوہ تبوک میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت ومعیت کا شرف
حاصل ہوا اور سورۂ توبہ کی آخری سے پہلی آیت میں آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کے بارے میں فرمایا ہے

وبالمومنین رؤف رّحیم

اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرات مہاجرین و انصار کے ساتھ حق تعالے شانہٗ بھی رؤف رحیم ہیں۔ اور اللہ تعالے کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم بھی ـــــ الغرض سورۂ توبہ میں حق تعالے شانہٗ نے حضرات صحابہؓ کی جابجا مدح فرمائی ہے۔ ان سے اپنی رضامندی کا اعلان فرمایا ہے ان سے جنت کا قطعی اور دو ٹوک وعدہ فرمایا ہے اور ان کے حال پر حق تعالے شانہٗ کی خصوصی عنایت ورحمت کا ذکر فرمایا ہے لیکن خمینی کی معکوس عقل قرآن کریم سے صحابہ کرامؓ کے عیوب تلاش کرتی ہے اور جو آیتیں منافقین کی مذمت میں وارد ہوئی ہیں انہیں اکابر صحابہ رضوان اللہ علیہم پر چسپاں کرتی ہے، سچ ہے۔

ومن یضلل اللہ فلن تجد لہ سبیلاً۔

۵۔ خمینی کا پانچواں دعویٰ یہ ہے کہ ان لوگوں نے اس حد تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ منسوب کیا کہ روایت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر سے ان پر لعنت بھیجی۔

یہ بھی خمینی کا خاص افترار ہے جس سے حضرات صحابہؓ کرام رضوان علیہم کا دامن تقدس یکسر پاک ہے۔

حضرات مہاجرین و انصار میں سے کوئی ایسا شخص نہیں جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹ منسوب کیا ہو، یا آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر لعنت فرمائی ہو اس کے برعکس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے برسرِ منبر اکابر مہاجرین و انصار کے فضائل بیان فرمائے ہیں چنانچہ سید المہاجرین حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بارے میں آخری ایام میں خطبہ ارشاد فرمایا!

"عن ابی سعید الخدری قال خطب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم الناس، وقال ان اللّٰہ خیر عبدًا بین الدنیا وبین ماعندہ فاختار ذلك العبد ماعند اللّٰہ قال فبکیٰ ابوبکر فتعجبنا لبکائہ ان یخبر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن عبد خیر فکان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ھو المخیر وکان ابوبکر ھو اعلمنا فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان من امن الناس علی فی صحبتہ ومالہ ابوبکر ولوکنت متخذًا خلیلًا غیر ربی لا تخذت ابابکر خلیلًا ولکن اخوۃ الاسلام ومودتہ لا یبقین فی المسجد باب الاسد الا باب ابی بکرؓ"

(صحیح بخاری ص ۵۱۶ / ۱۰۲)

ترجمہ: "حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا، اس میں

فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بندے کو دنیا میں رہنے اور اپنے پاس کی نعمتوں کو اختیار کرلیا، یہ سنکر حضرت ابوبکرؓ رونے لگے۔ ہمیں ان کے رونے پر تعجب رہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو ایک بندے کے بارے میں فرما رہے ہیں کہ اسے اختیار دیا گیا ہے یہ بلاوجہ کیوں رو رہے ہیں! (بعد میں پتہ چلا کہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو یہ اختیار دیا گیا تھا۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ عالم تھے (کہ وہ اس کو سمجھ گئے اور فراق نبویؐ کے صدمہ رونے لگے)۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر سب سے زیادہ احسان ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کا ہے جو انہوں نے اپنی رفاقت اور مالی ایثار سے کیا اور اگر میں میرے رب کے سوا کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کو بناتا۔ واس لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے خلت تو نہیں) البتہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اسلامی اخوت ومودت کا رشتہ ہے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دروازے کے سوا مسجد میں کھلنے والے تمام دروازے بند کر دیئے جائیں۔

۔ عن انس بن مالک یقول مر ابوبکر والعباس

بمجلس من مجالس الانصار وهم يبكون فقال ما يبكيكم قالوا ذكرنا مجلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم منا فدخل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاخبرہ بذلک قال فخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد عصب علی راسہ حاشیۃ برد قال فصعد المنبر ولم یصعدہ بعد ذلک الیوم فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال اوصیکم بالانصار فانھم کرشی وعیبتی وقد قضوا الذی علیھم وبقی الذی لھم فاقبلوا من محسنھم وتجاوزوا عن مسیئھم۔" (صحیح بخاری ج۱ ص۵۳۶)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما انصار کی ایک مجلس کے پاس سے گزرے یہ حضرات بیٹھے رو رہے تھے۔ ان سے رونے کا سبب پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس بیٹھنا یاد آگیا (جس سے ہم علالتِ نبوی کی وجہ سے محروم ہو گئے ہیں) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر کی گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے، جب سر مبارک پر چادر کے کنارے کی پٹی بندھی ہوئی تھی۔ چنانچہ منبر پر رونق

افروز ہوئے۔ آپؐ کے بعد پھر کبھی منبر پر رونق افروز نہیں ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا، میں تمہیں انصار کے بارے میں وصیت کرتا ہوں، چونکہ وہ میرے خاص احباب ورفقاء ہیں، انہوں نے اپنی ذمہ داریاں پوری کردی ہیں اور ان کا حق باقی ہے پس ان کے نیکوکاروں سے عذر قبول کرو۔ اور ان میں سے کسی غلطی ہوجائے تو اسے درگذر کرو۔

"عن ابن عباس یقول خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ ملحفۃ منعطفا بہا علی منکبیہ وعلیہ عصابۃ دسماء حتی جلس علی المنبر فحمد اللہ واثنیٰ علیہ ثم قال اما بعد یا ایہا الناس فان الناس یکثرون ویقل الانصار حتی یکونوا کالملح فی الطعام فمن ولی منکم امرا یضر فیہ احدا او ینفعہ فلیقبل من محسنہم ویتجاوز عن مسیئہم۔" (صحیح بخاری ج۱ ص۵۳۶)

ترجمہ: "حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (آخری علالت میں) باہر تشریف لائے۔ ردائے مبارک کاندھوں پر تھی اور سر مبارک پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔ منبر پر رونق افروز ہوئے، اور

اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا، لوگو! سب لوگ زیادہ ہوتے جائیں گے۔ مگر انصار کم ہوتے جائیں گے یہاں تک کہ ان کی حیثیت آٹے میں نمک کی رہ جائیگی پس تم سے جو شخص امیر ہو، جس کے ذریعہ وہ کسی کو نقصان پہنچانے یا نفع پہنچانے کی قدرت رکھتا ہو، اسے چاہیئے کہ ان کے نیکوکار سے عذر قبول کرے، اور ان میں سے کسی سے غلطی ہو جائے تو درگزر کرے۔

الغرض خمینی نے اپنے وصیت نامہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کے خلاف جو زہرافشانی کی ہے، واقعات وشواہد اس کی یکسر تردید کرتے ہیں، اور خمینی کی یہ تمام تر داستان گوئی اس کے قلب و نظر کی پیداوار ہے۔ البتہ خمینی نے جو یہ دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے موجودہ شیعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ کے شیعان کوفہ و عراق سے بہتر ہیں، بلفظ دیگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور کے شیعان علی موجودہ دور کے شیعوں سے بدتر تھے، اس کو خمینی صاحب ہی بہتر جانتا ہے۔ کیونکہ ہر شخص اپنے اسلاف کی تاریخ سے زیادہ بہتر واقف ہوا کرتا ہے اور خمینی کا یہ فقرہ کہ:

• اہل عراق اور کوفہ نے امیرالمومنین کے ساتھ اتنی بدسلوکی کی اور آپ کی اطاعت سے اس حد تک سرکشی کی کہ روایات و تاریخ کی کتابوں میں حضرت نے ان کی جو

شکایات کی ہیں وہ معروف ہیں۔

اس کی تائید نہج البلاغہ کے ان خطبات سے ہوتی ہے جو سید مرتضیٰ شیعہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کئے ہیں۔ ان کے چند اقتباسات مفکر اسلام جناب مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی سوانح "المرتضیٰ" میں نہج البلاغہ کے حوالے سے نقل کردیئے ہیں۔ ذیل میں "المرتضیٰ" سے نقل کیا جاتا ہے:

"میں کب تک تم کو اس طرح سنبھالتا رہوں، جیسے ان نو عمر اونٹوں کو سنبھالا جاتا ہے، جن کے کوہان اندر سے زخمی ہیں، اور ظاہری جسم ثواناہے، یا وہ کپڑے جو جابجا پھٹ گئے ہیں، اور جتنا سنبھال کر پہنو پھٹتے ہی جاتے ہیں، اگر ایک جگہ سے سی دیئے گئے تو دوسری جگہ سے چاک ہو جاتے ہیں، جب بھی اہل شام کا کوئی ہراول دستہ پہنچتا ہے، تم سے ہر شخص اپنے گھر کے دروازے بند کرلیتا ہے اور ایسا چھپتا ہے، جیسے گوہ اپنے سوراخ میں اور بجو اپنے بھٹ میں روپوش ہو جاتے ہیں۔

بخدا ذلیل وہ ہے جس کی تم مدد کے لئے اٹھو، تم کو اگر کسی نے تیر بنا کر دشمن پر پھینکا تو گویا اس نے ایسے تیر پھینکے جن کی نوک ٹوٹی ہوئی ہے، دفتری اور بے خطرا

میدانوں میں تمہارا ہجوم نظر آتا ہے۔ اور جنگ کے جھنڈوں
کے نیچے نہایت قلیل تعداد میں دکھائی دیتے ہو۔ میں
خوب جانتا ہوں کہ تمہاری اصلاح کس طرح ہو سکتی
ہے کیا چیز تمہاری کو سیدھی کر سکتی ہے، مگر واللہ
میں تمہاری اصلاح کے لئے اپنے آپ کو بگاڑ نہیں
سکتا۔

خدا تم سے سمجھے اور تم کو ذلیل کرے! تم لوگ حق کی اتنی
پہچان نہیں جس قدر باطل کو تم پہچانتے ہو اور باطل
کی ایسی مخالفت نہیں کرتے جتنی حق کی مخالفت کرتے ہو۔

اے عراقیو! تم اس حاملہ عورت کی طرح ہو جس نے
جب اس کی حمل کی مدت پوری ہوئی تو اسقاط ہو گیا،
اور اس کا شوہر مر گیا، وہ عرصہ دراز تک بیوگی کی زندگی
گزارتی رہی اور اس کا وارث وہ بنا جو سب سے
دور کی قرابت رکھتا تھا۔

اور سنو! میں اس ذات پاک کی قسم کھا کر
کہتا ہوں جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے
کہ یہ دشمن قوم تم پر غالب آجائے گی اس لئے نہیں
کہ وہ تم سے زیادہ حق پرست ہے بلکہ صرف اس وجہ
سے کہ وہ اپنے باطل پر تیز گام ہے اور تم میرے حق

میں سست گام اور کوتاہ خرام ہو، قومیں اپنے حکام کے ظلم سے ڈرتی ہیں اور میرا حال یہ ہے کہ اپنی رعیت کے ظلم سے ڈرتا ہوں۔

میں نے جہاد پر تم کو ابھارا، مگر تم اپنی جگہ سے ہلے نہیں، تم کو سنانا چاہا تم نے سنا نہیں تم کو راز دارانہ انداز میں بلایا، علانیہ دعوت دی مگر تم میں ذرا حرکت نہیں ہوئی، نصیحت کی، مگر تمہارے کانوں پر جوں نہ رینگی۔

دیکھنے میں حاضر ہو مگر درحقیقت غائب ہو، غلام ہو مگر آقا بنے ہوئے ہو، تم کو حکمت کی باتیں سناتا ہوں تم بدکتے ہو، تم کو بلیغ انداز میں وعظ نصیحت کرتا ہوں اور تم ادھر اُدھر بھاگتے ہو، تم کو باغیوں سے مقابلہ کرنے پر ابھارتا ہوں مگر اپنی تقریر ختم بھی نہیں کرتا کہ دیکھتا ہوں کہ تم قوم سبا کی طرح منتشر ہو جاتے ہو اپنی مجلسوں میں واپس جاتے ہو، اپنے رلئے مشورے میں تمہارے دل لگتے ہیں، میں تم کو صبح کو سیدھا کرتا ہوں اور شام کو تم میرے پاس ٹیڑھی کمان کی طرح لوٹتے ہو۔ سیدھا کرنے والا تنگ آگیا اور جن کو سیدھا کرنا مقصود ہے وہ اکڑ گئے ۔ جن کو سیدھا

کیا ہی نہیں جاسکتا "۔

اے لوگو! جو جسم سے حاضر ہیں، مگر ان کی عقلیں غائب ہیں، جنکی خواہشات جدا جدا ہیں۔ جن سے ان کے حکام آزمائش میں ہیں، ان کا ساتھی (بہ معنیٰ آقا، لیڈر) اللہ کا اطاعت گزار ہے، اور تم اس کی نافرمانی کرتے ہو، شام کا رہنما اللہ کی معصیت کرتا ہے مگر اس کی قوم اس کے ساتھ ہے۔ بخدا اگر معاویہ مجھ سے صرافوں کا معاملہ کرے جو دینار کے بدلے درہم دیا کرتے ہیں تو مجھ سے دس عراقی لے کر ایک شامی دیدیں تو مجھے منظور ہوگا، یہ لوگ حق کے معاملہ میں متفرق، جنگوں ہمت ہارے ہوئے ان کے جسم یکجا، مگر خواہشات منتشر، ہر جا عہد و پیمانِ خداوندی کو ٹوٹتے ہوئے دیکھ رہے ہیں لیکن ان کے اندر حمیت بیدار نہیں ہوتی، یہ عرب کے چوٹی کے لوگ اور قوم کے باعزت و ممتاز افراد ہیں لیکن ان کی کثرت تعداد سے کچھ فائدہ نہیں، اس لئے کہ ان کے دل مشکل سے کسی امر پر مجتمع ہوتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تم کو اپنے زخم کا مرہم بناؤں اور تم ہی میرے زخم ہو، جیسے کوئی جسم میں چبھ کر ٹوٹ جانیوالے کانٹے کو کانٹے ہی سے نکالنا چاہئے اور وہ جانتا ہے

کردہ کانٹا اس سے پہلے کانٹے ہی کا ساتھ دے گا، اور ٹوٹ کر اور مصیبت بن جائے گا)

میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم گوہ کی طرح ایک دوسرے سے چھٹے ہوئے ہو، نہ تو حق کو ہاتھ میں لیتے ہو نہ ظلم زیادتی کو ردکتے ہو۔ جنگ و مقابلہ کے موقع پر جم کر لڑنے والے، نہ امن و سکون کے زمانہ میں قابلِ اعتبار رفیق و معاون، میں تمہاری صحبت سے بیزار ہوں، اور تمہارے ہوتے اور کثرتِ تعداد کے باوجود تنہائی محسوس کرتا ہوں۔

اے وہ لوگو! جن کے جسم مجتمع ہیں، اور خواہشات مختلف، تمہاری گفتگو پتھروں کو نرم کردیتی ہے، اور تمہارا طرزِ عمل دشمنوں کو حملہ پر ابھارتا ہے، جو تمہیں بلائے اور پکارے اس کو مایوسی ہو، اور جس کا تم سے واسطہ پڑے وہ کبھی اطمینان کی سانس نہ لے سکے، باتیں بنانا اور فریب میں رکھنا تمہارا دستور ہے، تم نے مجھ سے مہلت مانگی جیسے مقروض مہلت مانگتا ہے، جس پر مدت سے قرض چڑھا ہوا ہے، کس وطن و دیار کی تم حفاظت کروگے، جب اپنے کی حفاظت نہیں کرسکے، اور میرے بعد کس امیر و قائد کی حمایت و معیت

میں تم جہاد کرو گے ؛ حقیقی فریب خوردہ وہ ہے جس کو تم نے دھوکہ دیا، جس کے حصہ میں تم آئے، اس کے حصہ میں ایک خطا کرنے والا اور نشانہ پر نہ لگنے والا تیر حصہ میں آیا۔" (المرتضیٰ ص۲۹۵ تا ۲۹۸)

اسی طرح خمینی نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بارے میں جو لکھا ہے وہ بھی بالکل صحیح ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

۱۔ عراق اور کوفہ کے شیعانِ حسین نے پیہم اصرار کے ساتھ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو کوفہ آنے کی دعوت دی اور کہا کہ خلافت کا پھل پکا ہوا ہے۔ بس اس کو کاٹنے کی ضرورت ہے۔

۲۔ حضرت حسین اللہ عنہ ان نابنجاروں کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے مکہ مکرمہ سے عازم کوفہ ہوئے۔ ان کے مخلصین و محبین نے ہر چند گزارش کی کہ آپؓ کوفہ و عراق کے شیعوں پر قطعاً اعتماد نہ فرمائیں یہ وہی لوگ ہیں جو آپؓ کے والد اور آپؓ کے بڑے بھائی کے ساتھ طوطا چشمی کا مظاہرہ کر چکے ہیں، مگر شیعانِ کوفہ کی دعوت اس قدر مؤثر اور پُر زور تھی کہ اس کے مقابلہ میں مخلصین کی فہمائش و نصیحت کارگر نہ ہوئی۔

۳۔ جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ عراق پہنچ گئے تو شیعانِ حسینؓ نے وہی طوطا چشمی دکھائی، جو ہمیشہ سے ان کا وتیرہ رہی تھی۔ چنانچہ

عراق کے ہزاروں شیعانِ حسین جنہیں سے ایک بھی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی نصرت وحمایت کے لئے آگے نہ بڑھا اور خمینی کے بقول تاریخ کا مجرمانہ فعل انجام پایا۔

۴۔ جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ شیعان کوفہ کی غداری کے نتیجہ میں خاک وخون میں تڑپا دیئے گئے تو ان شیعانِ حسینؓ کو اپنے مجرمانہ فعل کا احساس ہوا اور توابین پارٹی قائم ہوئی۔ حضرت حسینؓ زبانِ حال سے اپنے ان شیعوں کی یہ شکایت ضرور کرتے ہوں گے۔

کی بعد مرے قتل کے اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

چنانچہ شیعہ جب سے اب تک ہر سال اپنی بے وفائی پر ماتم حسینؓ کرتے ہیں۔ مگر ڈیڑھ ہزار سال گزر جانے کے باوجود ان کا یہ گناہ عظیم اب تک معاف نہیں ہوا اور نہ قیامت تک معاف ہوگا۔

جن لوگوں نے شیعانِ علیؓ اور شیعانِ حسینؓ کا لبادہ اوڑھ کر ان اکابر کے ساتھ غداری کی، اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو ان کے نفاق و شقاق سے محفوظ رکھے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ
صفوۃ البریہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

رَبَّنَا
لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَأْنَا

۱ ابوبکرؓ یک سو علیؓ ایک جانب
خلافت کو گھیرے ہیں با صد صفائی
الفؔ اور یاء کی طرح ان کو جانو
کہ محصور ہے جن میں ساری خدائی
یہ تشبیہ ہے واقعی تو جگہ بھی
الفؔ اور یاء نے یہ ترتیب پائی
وہ اول خلیفہ کے اول میں آیا
یہ آخر خلیفہ کے آخر میں آئی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب .... شیعی محرم
مصنف ... . مولانا ابوالوفا محمد قاسم فاروقی
صفحات ۱۳۶
کتابت ... . سلطان الدین
قیمت ... ...
ناشر .... الحبیب پبلیکیشن کراچی
طبع اول .... جولائی ۱۹۹۳ء محرم الحرام ۱۴۱۴ھ

ملنے کے پتے

(۱) جامع مسجد عرفات جناح کالونی اورنگی ٹاؤن E-9 کراچی
(۲) مدرسہ جامعہ عربیہ صدیقیہ چاک بے پاکستان بازار
اورنگی ٹاؤن ½ 11 کراچی ۴۱
(۳) اسلامی کتب خانہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵
(۴) المکتبۃ البنوریہ نزد جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵

یا اللہ مدد

عبد الغفور ندیم

خطیب سپاہ صحابہؓ پاکستان

جامع مسجد صدیق اکبرؓ (محمد کالونی) ناظم آباد کراچی

فون [illegible]

تاریخ ---------

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حق و باطل کی آویزش شروع دن سے چلی آ رہی ہے۔ اسلام کے خلاف بہت سے دشمن کھڑے ہوئے
مگر وہ مقابلہ میں [illegible] کو اسلام [illegible] دیکھا۔
کبھی [illegible] کی شکل میں باطل نے اہل حق کے [illegible] اور کبھی [illegible]
اور رافضیت کی شکل میں اسلام کی جڑوں پر تیشہ چلانا [illegible] حقیقت [illegible] انکار
ہے کہ اہل حق نے ہر دور میں باطل کی سازشوں کا منہ توڑ جواب دیا اور اہل ایمان کو باطل کے [illegible] سے
[illegible] کی کوشش کی۔

[illegible] رافضیت نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اہل اسلام کو گمراہ کرنے کا وطیرہ
اختیار کیا ہے اور عام مسلمان [illegible] والے مسلمان [illegible] گروہ کو مسلمانوں کا ہی ایک فرقہ
سمجھ کر اپنے ایمان و عقیدہ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔

برادر محترم مولانا ابو الوفا محمد قاسم فاروقی زید مجدہ نے زیر نظر کتاب "تنبیہ و تعریف" تحریر کر کے
علماء اہل سنت پر احسان عظیم کیا ہے۔ اس کتاب میں شیعہ مذہب کی اصل حقیقت واضح کر کے
ان کے چہرے سے اسلام کا نقاب ہٹا کر ان کا اصلی چہرہ عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے۔
اہل سنت عوام کے لئے یہ کتاب بفضلہ تعالیٰ مفید ثابت ہوگی۔ فقط

[illegible]

نائب [illegible] سپاہ صحابہؓ کراچی ڈویژن

تقریباً [illegible] حضرت مولانا محمد عبد الغفور ندیم صاحب خطیب جامع مسجد صدیق اکبرؓ [illegible]
[illegible] (نائب [illegible]) [illegible] سپاہ صحابہؓ کراچی ڈویژن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر شخص اس بات سے اچھی طرح واقف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات شیخین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بابرکت دور میں امت کے درمیان کسی قسم کا نظریاتی اختلاف موجود نہیں تھا بلکہ ساری امت اسلامیہ اختلاف کی وباء سے محفوظ اور کفر کے مقابلے میں یک جان اور یک قالب تھی، اس کی ابتدا پہلی بار سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے آخری زمانۂ خلافت میں ہوئی اور یہی شیعہ مذہب کا نقطۂ آغاز تھا شروع میں اس کی بنیاد بہت سادہ تھی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عزیز و قریب ہیں اس لیے وہ ہی آپ کی خلافت و جانشینی کے زیادہ مستحق ہیں۔ یہ نظریہ بظاہر سیدھا اور خوشنما ہونے کے باوجود اسلام کی دعوت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تئیس سالہ تعلیم و تربیت کے خلاف تھا اس لیے کہ اسلام جیسے خدائی دین نے نسلی امتیاز اور خاندانی غرور کے بت کو پاش پاش کر کے عزت و شرافت اور سیادت و بزرگی کا مدار "تقویٰ" پر رکھا تھا اور جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تقویٰ کی صفت میں تمام صحابہ کے سرتاج (چنانچہ قرآن مجید سورہ واللیل میں انہی کو "الاتقیٰ" یعنی سب سے زیادہ متقی فرمایا ہے) اس لیے وہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خلافت و جانشینی کے سب سے زیادہ مستحق تھے۔ بہرحال یہ تھی خبیث بنیاد جس پر شیعہ مذہب کی ملعون عمارت کھڑی کی گئی جس کا اولین موجد یہودی الاصل منافق عبداللہ ابن سبا تھا جو "حب علی" کے حسین خول میں مکروہ ترین عقائد بھر کر نظریاتی اختلاف کا ایٹم بم اسلام کے مرکز پر گرا دینا چاہتا تھا۔ ان عقائد فاسدہ میں عقیدۂ امامت، عقیدۂ تحریف قرآن اور عقیدۂ عداوت صحابہ شیعہ مذہب میں خصوصی اہمیت و وقعت کے حامل ہیں۔ الحمدللہ! آج تک ان کی سرکوبی کے لیے بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور علمائے حق ہر میدان میں ہمیشہ دفاع کرتے رہے ہیں انہی میں سے ہمارے مکرم و محترم رفیق جناب مولانا ابوالوفا محمد قاسم فاروقی صاحب زید مجدہ بھی ہیں جن کی تصنیف "شیعہ مذہب" کے عنوان حرف حرف نظر سے گزرا، جو بے حد پسند آیا اور ان شاء اللہ العزیز خصوصاً عوام الناس کی ذہن سازی کے لیے نہایت مفید ثابت ہوگا اس کتابچہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں خود شیعہ کتب سے ۲۲۰ حوالہ جات پیش کر کے بیّن تردید کی ہے اور ان کے خود ساختہ مذہب کا قبیح و بدشکل چہرہ امت کے سامنے کھول دیا ہے۔ ۱۵۰ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ اپنی مثال آپ ہے جس کا شیعہ حضرات کے پاس کوئی جواب نہیں۔ اللہ رب العزت اس کو مقبول و مفید بنائے۔ اس کتابچہ کے آخر میں حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی دامت برکاتہم کا رسالہ "خمینی وصیت نامہ کا جواب" منسلک کر کے مزید پرکشش کر دیا گیا ہے۔

آخر میں دعا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ شانہ اس کتابچہ کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور مصنف موصوف کو علمی، عملی اور تصنیفی ترقیات سے نوازے اور متعلقین کے صدقے خود احقر کو بھی اخلاص فی الدین اور خدمت دین کی نعمت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین یا ارحم الراحمین۔

والسلام!

مفتی منیر احمد

علامہ بنوری ٹاؤن